Tarjuma Tul Quran Majeed - FA Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 17 Short Questions Test

Q1. سورۃ التوبہ میں کس طرز کو منافقانہ طرز عمل قرار دیا گیا ہے.

Ans 1: منافقین کی مذمت کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی سازشیں اور منافقانہ حرکتیں بھی بے نقاب کی گئی ہیں-

---

Q2. سورۃ التوبہ کا علمی وعملی نکات تحریر کریں-

Ans 1: 1- اہل ایمان کا کامل بھروسہ اللہ تعالی پر ہوتا ہے اللہ تعالی کی طرف سے جو بھی فیصلہ ہو وہ اس پر راضی رہتے ہیں. 2- منافق جہاد اور نیکی کے کاموں میں پیچھے رہنا پسند کرتے ہیں-

---

Q3. سورہ البقرہ کی فضیلت بیان کریں

Ans 1: سورۃ البقرہ بہت فضیلت والی سورت سے ہے- صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنھم کے زمانے میں یہ شخص سورۃ البقرہ اور سورۃ ال عمران کا عالم ہوتا تھا اسے بہت عظیم اور لائق تکریم شمار کیا جاتا تھا.

Q4. حضرت مریم علیہ السلام کے والد کا نام کیا تھا.

Ans 1: حضرت عمران، حضرت مریم علیہ السلام کے والدکا نام تھا.

Q5. قرآن مجید ترتیب کے لحاظ سے سورہ بقرہ کی سورت .

Ans 1: سورہ البقرہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے دوسری اور سب سے طویل سورت ہے.

Q6. سورۃ التوبہ کو سورۃ التوبہ کیوں کہا جاتا ہے.

Ans 1: اس سورت کو سورۃ التوبہ اس لیے کہا جاتا ہے کہ اس میں ان چند صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کی توبہ قبول ہونے کا ذکر ہے جو کسی وجہ سے غزوہ تبوک کی مہم میں شریک نہ ہوسکے اور بعد میں انھوں نے اپنی اس غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے سچی توبہ کی.

Q7. لفظ کے معنی لکھیں- یصدون- جار- الفئتین- علی عقبیہ- الانفال- زات بینکم- قلوبھم- لقیتم- لاتنازعوا

Ans 1: یصدون- وہ روکتے ہیں- جار- حماعتی- الفئتین- دونوں جماعتیں- علی عقبیہ- الٹے قدموں- الانفال- مال غنیمت- زات بینکم- آپس کے تعلقات- قلوبھم- ان کے دل لقیتم- تمہارا مقابلہ ہوجائے- لاتنازعوا- آپس میں نہ جھگڑو

Q8. سورۃ التوبہ کو سورۃ البراءۃ کیوں کہا جاتاہے.

Ans 1: سورۃ البرءۃ اس لیے کہا جاتا ہے کہ براءت کےمعنی کسی سے بری، بے زار، قطع تعلق اور دست بردار ہونا ہے. اس سورت کے شروع ہی میں اللہ تعالیٰ نے مشرکین سے بری الزمہ ہونے کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم انبین مشرکین سے بے نیاز اور قطع تعلق ہیں-

Q9. سورۃ الانفال میں اہل مکہ کے کردار کو کس سے تشبیہ دی گئی ہے؟

Ans 1: مکہ مکرمہ میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین اعلان نبوت کے بعد تیرہ سال مقیم رہے- اس دوران مکہ مکرمہ کے کفار نے نبی کریم صلی اللہ خاتم النبین اور آپ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے جاں نثار صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کو طرح طرح سے ستانے اور ناقابل برداشت تکلیفیں پہنچانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی.

Q10. لفظ کے معنی تحریر کریں- یسلونک- اصلحوا- وجلت - یتوکلون- فتہ- فتفشلوا- بطرا-

Ans 1: یسٔلونک- وہ آپ سے سوال کرتے ہیں- اصلحوا- درست رکھو- وجلت- کانپ اٹھتے ہیں- یتوکلون- وہ توکل کرتے ہیں- فئتہ- کوئی لشکر فتفشلوا- ورنہ تم کم ہمت ہوجاؤگے- بطرا- اکڑتے ہوئے